اور اوندھی گرنے والی بستیوں کو اٹھا پھینکا ﴿۵۳﴾ پھر چھا گیا ان پر جو کچھ کہ چھایا ﴿۵۴﴾ پس (اے انسان!) اپنے رب کی کن کن نعمتوں میں

تَتَمَارٰى ﴿۵۵﴾ هٰذَا نَذِيْرٌ مِّنَ النُّذُرِ الْاُوْلٰى ﴿۵۶﴾ اَزِفَتِ الْاٰزِفَةُ ﴿۵۷﴾

تَ تَ مَا رَا ہَا ذَا نَ ذِي رُ م مِ نَن نُ ذُ رِلْ اُو لَا اَ زِ فَ تِل آ زِ فَہ

تو شک کرے گا ﴿۵۵﴾ یہ محمدؐ بھی متنبہ کرنے والے ہیں پہلے متنبہ کرنے والوں کی طرح ﴿۵۶﴾ قریب آ لگی ہے آنے والی گھڑی (قیامت کی) ﴿۵۷﴾

لَيْسَ لَهَا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ كَاشِفَةٌ ﴿۵۸﴾ اَفَمِنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ تَعْجَبُوْنَ ﴿۵۹﴾ وَتَضْحَكُوْنَ

لَا يْ سَ لَ ہَا مِن دُو نِلْ لَا ہِ كَا شِ فَہ اَ فَ مِن ہَا ذَلْ حَ دِي ثِ تَعْ جَ بُو نَ وَ تَضْ حَ كُو نَ

نہیں ہے اسے اللہ کے سوا کوئی ٹالنے والا ﴿۵۸﴾ کیا یہی باتیں ہیں جن پر تم تعجب کرتے ہو؟ ﴿۵۹﴾ اور ہنستے ہو

وَلَا تَبْكُوْنَ ﴿۶۰﴾ وَاَنْتُمْ سٰمِدُوْنَ ﴿۶۱﴾ فَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ وَاعْبُدُوْا ۩ ﴿۶۲﴾

وَ لَا تَبْ كُو نَ وَ اَن تُمْ سَا مِ دُو نَ فَسْ جُ دُو لِلْ لَا ہِ وَ عْ بُ دُو

اور روتے نہیں ہو؟ ﴿۶۰﴾ اور تم گا بجا کر ٹالتے ہو؟ ﴿۶۱﴾ پس جھک جاؤ اللہ کے آگے اور اسی کی بندگی بجا لاؤ ﴿۶۲﴾

السجدة ۲ رکوع ۱۳۵

آیاتھا ۵۵ (۵۴) سُوْرَةُ الْقَمَرِ مَكِّيَّةٌ (۳۷) رکوعاتھا ۳

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

بِس مِل لَا ہِ ر رَح مَا نِ ر رَ حِی مِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے

اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ ① وَاِنْ يَّرَوْا اٰيَةً يُّعْرِضُوْا

اِق تَ رَ بَ تِس سَا عَ ةُ وَن شَق قَل قَ مَ ر وَ اِ یں یَ رَ وْ آ یَ تَ یُّع رِ ضُو

قریب آگئی گھڑی قیامت کی اور پھٹ گیا چاند ① اور ان کا حال یہ ہے کہ اگر دیکھتے ہیں کوئی نشانی تو منہ موڑ جاتے ہیں

وَيَقُوْلُوْا سِحْرٌ مُّسْتَمِرٌّ ② وَكَذَّبُوْا وَاتَّبَعُوْٓا اَهْوَآءَهُمْ

وَ یَ قُو لُو سِح رُ م مُس تَ مِر ر وَ كَذ ذَ بُو وَت تَ بَ عُو.. آ ہ وَا... ءَ ہُم

اور کہتے ہیں کہ یہ تو جادو ہے جو پہلے سے چلا آرہا ہے ② چنانچہ جھٹلایا انہوں نے (اس کو بھی) اور پیچھے لگ گئے اپنی خواہشات کے

وَكُلُّ اَمْرٍ مُّسْتَقِرٌّ ③ وَلَقَدْ جَآءَهُمْ مِّنَ الْاَنْبَآءِ

وَ كُل لُ آ م رِ م مُس تَ قِر ر وَ لَ قَد جَا... ءَ ہُم مِ نَل آ م بَا... ءِ

حالانکہ ہر معاملہ کو ایک انجام تک پہنچ کر رہنا ہے ③ اور یقیناً آچکی ہیں ان کے پاس (پچھلی قوموں کی) ایسی خبریں

مَا فِيْهِ مُزْدَجَرٌ ④ حِكْمَةٌ بَالِغَةٌ فَمَا تُغْنِ

مَا فِی ہِ مُز دَ جَر حِک مَ تُم بَا لِ غَ تُن فَ مَا تُغ نِن

جن میں ہے کافی سامانِ عبرت ④ ایسی حکمت جو نصیحت کے مقصد کو پورا کرتی ہے، مگر کچھ فائدہ نہ دیا

النُّذُرُ ⑤ فَتَوَلَّ عَنْهُمْ ۘ يَوْمَ يَدْعُ الدَّاعِ اِلٰى شَيْءٍ نُّكُرٍ ⑥

نُ ذُ ر فَ تَ وَل لَ عَن ہُم یَا وْ مَ یَد عُد دَا عِ اِلَا شَا ئِی ءِ ن نُ كُر

ان تنبیہات نے ⑤ پس رخ پھیر لو ان سے۔ جس دن پکارے گا ایک پکارنے والا ایک سخت ناگوار چیز کی طرف ⑥

خُشَّعًا اَبْصَارُهُمْ يَخْرُجُوْنَ مِنَ الْاَجْدَاثِ كَاَنَّهُمْ جَرَادٌ مُّنْتَشِرٌ ⑦

خُش شَ عَن آب صَا رُ ہُم یَخ رُ جُو نَ مِ نَل آج دَا ثِ كَ اَن نَ ہُم جَ رَا دُم مُن تَ شِر

(اس وقت) سہمی ہوئی ہوں گی آنکھیں ان کی، نکلیں گے وہ اپنی قبروں سے اس طرح جیسے کہ وہ ہوں منتشر ٹڈیاں ⑦

مُّهْطِعِيْنَ اِلَى الدَّاعِ ؕ يَقُوْلُ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا يَوْمٌ عَسِرٌ ⑧ كَذَّبَتْ

مُہ طِ عی نَ اِلد دَا ع یَ قُو لُل کا فِ رُو نَ ہا ذَا یَا وْ مُن عَ سِر کذ ذَ بَت

دوڑے جا رہے ہوں گے وہ سب پکارنے والے کی طرف۔ کہیں گے کافر یہ دن تو بڑا کٹھن ہے ⑧ جھٹلا چکی ہے

قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ فَكَذَّبُوْا عَبْدَنَا وَقَالُوْا مَجْنُوْنٌ وَّازْدُجِرَ ⑨

قَب لَ ہُم قَا وْ مُ نُو حِن فَ كَذ ذَ بُو عَب دَ نَا وَ قَا لُو مَج نُو نُوں وَز دُ جِر

ان سے پہلے قومِ نوحؑ سو جھٹلایا انھوں نے ہمارے بندے کو اور کہا: یہ تو دیوانہ ہے۔ اور اسے جھڑک دیا گیا ⑨

فَدَعَا رَبَّهٗۤ اَنِّيْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ⑩ فَفَتَحْنَآ

فَ دَ عَا رَب بَ ہُو.. اَن نِی مَغ لُو بُن فَن تَ صِر فَ فَ تَح نَا..

آخر کار اس نے پکارا اپنے رب کو کہ میں مغلوب ہو چکا ہوں سو اب تو انتقام لے (ان سے) ⑩ سو کھول دیے ہم نے

اَبْوَابَ السَّمَآءِ بِمَآءٍ مُّنْهَمِرٍ ⑪ ۖ وَّفَجَّرْنَا الْاَرْضَ عُيُوْنًا فَالْتَقَى الْمَآءُ

آب وَا بَس سَ مَا...ءِ بِ مَا...ءِ م مُن ہَ مِر وَ فَج جَر نَل اَر ضَ عُ یُو نَن فَل تَ قَل مَا...ءُ

آسمان کے دہانے موسلا دھار بارش کے لیے ⑪ اور جاری کر دیے زمین سے چشمے سو آملا پانی (ہر طرف سے)

عَلٰۤى اَمْرٍ قَدْ قُدِرَ ⑫ ج وَحَمَلْنٰهُ عَلٰى ذَاتِ اَلْوَاحٍ

عَ لَا.. اَم رِن قَد قُ دِر وَ حَ مَل نَا ہُ عَ لَا ذَا تِ اَل وَا حِ اُوں

پورا کرنے کے لیے اس کام کو جو مقدر ہو چکا تھا ⑫ اور سوار کرا دیا ہم نے نوحؑ کو اس (کشتی) پر جو تختوں

وَّدُسُرٍ ⑬ تَجْرِيْ بِاَعْيُنِنَا ۚ جَزَآءً لِّمَنْ كَانَ كُفِرَ ⑭

وَ دُ سُر تَج رِی بِ اَع یُ نِ نَا جَ زَا...ءَ لِ لِ مَن کَا نَ کُ فِر

اور کیلوں والی تھی ⑬ جو چل رہی تھی ہماری نگرانی میں۔ یہ بدلہ تھا اس شخص کی خاطر جس کی ناقدری کی گئی تھی ⑭

وَلَقَدْ تَّرَكْنٰهَآ اٰيَةً فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ⑮ فَكَيْفَ

وَ لَ قَد تَ رَک نَا ہَا.. آ یَ تَن فَ ہَل مِم مُد دَ کِر فَ کَا یْ فَ

اور بے شک رہنے دیا ہے ہم نے اس کشتی کو بطورِ نشانی تو کیا ہے کوئی نصیحت قبول کرنے والا؟ ⑮ سو دیکھ لو کیسا

كَانَ عَذَابِيْ وَنُذُرِ ⑯ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ

کَا نَ عَ ذَا بِی وَ نُ ذُر وَ لَ قَد یَس سَر نَل قُر آ نَ لِذ ذِک رِ فَ ہَل

تھا میرا عذاب اور کیسی تھیں میری تنبیہات؟ ⑯ اور بلاشبہ آسان بنا دیا ہے ہم نے اس قرآن کو نصیحت کے لیے سو کیا

مِنْ مُّدَّكِرٍ ⑰ كَذَّبَتْ عَادٌ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِيْ وَنُذُرِ ⑱

مِم مُدْدَكِر كَذْذَبَت عَادُن فَ كَاىْ فَ كَانَ عَ ذَابِي وَنُ ذُر

ہے کوئی نصیحت قبول کرنے والا؟ ⑰ جھٹلایا تھا عاد نے سو دیکھ لو کیسا تھا میرا عذاب اور کیسی تھیں میری تنبیہات؟ ⑱

اِنَّآ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا صَرْصَرًا فِيْ يَوْمِ نَحْسٍ مُّسْتَمِرٍّ ⑲

اِن نَا.. اَرْسَل نَا عَ لَاىْ ہِم رِىْ حَن صَرْ صَ رَن فِى يَا وْم نَحْ سِم مُس تَ مِرر

بلاشبہ ہم نے بھیج دی ان پر سخت طوفانی ہوا ایک ایسے منحوس دن میں جس کی نحوست نہ ختم ہونے والی تھی ⑲

تَنْزِعُ النَّاسَ كَاَنَّهُمْ اَعْجَازُ نَخْلٍ مُّنْقَعِرٍ ⑳ فَكَيْفَ كَانَ

تَن زِعُن نَاس كَ اَن نَ ہُم اَعْ جَا زُ نَخْ لِم مُن قَ عِر فَ كَاىْ فَ كَانَ

جو اٹھا اٹھا کر پھینک رہی تھی لوگوں کو اس طرح گویا کہ وہ کھجور کے تنے ہیں جڑ سے اکھڑے ہوئے ⑳ سو دیکھ لو کیسا تھا

عَذَابِيْ وَنُذُرِ ㉑ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ

عَ ذَابِي وَنُ ذُر وَلَ قَد يَس سَرْنَا قُرْ آنَ لِذْ ذِكْ رِ فَ هَل مِم

میرا عذاب اور کیسی تھیں میری تنبیہات؟ ㉑ اور بلاشبہ آسان بنا دیا ہے ہم نے قرآن کو نصیحت کے لیے سو کیا ہے کوئی

مُّدَّكِرٍ ㉒ كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ بِالنُّذُرِ ㉓ فَقَالُوْٓا اَبَشَرًا مِّنَّا

مُدْ دَكِر كَذْ ذَبَت ثَمُودُ بِن نُ ذُر فَ قَالُو.. اَبَ شَ رَ مِم مِن نَا

نصیحت قبول کرنے والا؟ ㉒ جھٹلایا تھا ثمود نے تنبیہات کو ㉓ سو کہا تھا انہوں نے کیا ایک آدمی جو ہم ہی میں سے

وَّاحِدًا نَّتَّبِعُهٗٓ اِنَّآ اِذًا لَّفِيْ ضَلٰلٍ وَّسُعُرٍ ㉔

وَاحِ دَ نَ نَت تَ بِ عُ ہُو.. اِن نَا..اِذَ لَ لَ فِى ضَ لَا لِى اُو س وَ سُ عُر

ایک ہے اس کی پیروی کریں ہم؛ تو یقیناً اس کے معنیٰ یہ ہوں گے کہ ہم بھٹک گئے ہیں اور ہماری مت ماری گئی ہے ㉔

ءَاُلْقِيَ الذِّكْرُ عَلَيْهِ مِنْۢ بَيْنِنَا بَلْ هُوَ كَذَّابٌ اَشِرٌ ㉕

ءَ اُل قِ يَذ ذِكْ رُ عَ لَاىْ ہِ مِم بَاىْ نِ نَا بَل ہُ وَ كَذْ ذَا بُن اَشِر

کیا نازل کی گئی ہے صرف اسی پر وحی ہم میں سے، نہیں بلکہ وہ ہے پرلے درجے کا جھوٹا اور شیخی باز ㉕

سَيَعْلَمُوْنَ غَدًا مَّنِ الْكَذَّابُ الْاَشِرُ ㉖ اِنَّا مُرْسِلُوا النَّاقَةِ

سَ يَعْ لَ مُونَ غَ دَ م مَ نِل كَذْ ذَابُل اَشِر اِن نَا مُرْ سِ لُن نَا قَ ةِ

عنقریب معلوم ہو جائے گا انہیں کل کہ کون ہے پرلے درجے کا جھوٹا اور شیخی باز ㉖ بلاشبہ ہم بھیج رہے ہیں اونٹنی کو

فِتْنَةً لَّهُمْ فَارْتَقِبْهُمْ وَاصْطَبِرْ ﴿۲۷﴾ وَنَبِّئْهُمْ اَنَّ الْمَآءَ قِسْمَةٌۢ بَيْنَهُمْ

فِت نَ تَل لَ ہُم فَر تَ قِب ہُم وَص طَ بِر وَنَب بِ × ہُم اَن نَل مَا... ءَ قِس مَ تُم بَا ئی نَ ہُم

آزمائش بنا کر ان کے لیے سو انتظار کرو اور صبر کرو ﴿۲۷﴾ اور خبردار کر دو انہیں کہ پانی کی تقسیم ہوگی ان کے اور اونٹنی کے درمیان

كُلُّ شِرْبٍ مُّحْتَضَرٌ ﴿۲۸﴾ فَنَادَوْا صَاحِبَهُمْ فَتَعَاطٰى

کُل لُ شِر بِم مُح تَ ضَر فَ نَا دَا وْ صَا حِ بَ ہُم فَ تَ عَا طَا

ہر ایک کو اپنی باری پر حاضر ہونا ہوگا ﴿۲۸﴾ آخر کار انہوں نے پکارا اپنے ساتھی کو اور اس نے اس کام کا بیڑا اٹھایا

فَعَقَرَ ﴿۲۹﴾ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِيْ وَنُذُرِ ﴿۳۰﴾ اِنَّآ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ

فَ عَ قَر فَ کَا ئی فَ کَا نَ عَ ذَا بِی وَ نُ ذُر اِن نَا.. اَر سَل نَا عَ لَا ئی ہِم

اور اس کی کونچیں کاٹ دیں ﴿۲۹﴾ سو دیکھ لو کیسا تھا میرا عذاب اور (کیسی تھیں) میری تنبیہات ﴿۳۰﴾ ہم نے بھیجا ان پر

صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَكَانُوْا كَهَشِيْمِ الْمُحْتَظِرِ ﴿۳۱﴾ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ

صَا ئی حَ تَا ؤں وَا حِ دَ تَن فَ کَا نُو کَ ہَ شی مِل مُح تَ ظِر وَ لَ قَد یَس سَر نَل قُر آ نَ

ایک زبردست دھماکہ سو ہو کر رہ گئے وہ کچلی ہوئی باڑھ کے چورے کی مانند ﴿۳۱﴾ اور بلاشبہ آسان بنا دیا ہے ہم نے قرآن کو

لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿۳۲﴾ كَذَّبَتْ قَوْمُ لُوْطٍۢ بِالنُّذُرِ ﴿۳۳﴾ اِنَّآ اَرْسَلْنَا

لِذ ذِک رِ فَ ہَل مِم مُد دَ کِر کَذ ذَ بَت قَا ؤُ مُ لُو طِم بِن نُ ذُر اِن نَا.. اَر سَل نَا

نصیحت کے لیے تو کیا ہے کوئی نصیحت قبول کرنے والا؟ ﴿۳۲﴾ جھٹلایا قوم لوطؑ نے تنبیہات کو ﴿۳۳﴾ ہم نے بھیج دی

عَلَيْهِمْ حَاصِبًا اِلَّآ اٰلَ لُوْطٍ نَجَّيْنٰهُمْ بِسَحَرٍ ﴿۳۴﴾ نِّعْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا

عَ لَا ئی ہِم حَا صِ بَن اِل لَا.. آ لَ لُو ط نَج جَا ئی نَا ہُم بِ سَ حَر نِع مَ تَم مِن عِن دِ نَا

ان پر پتھراؤ کرنے والی ہوا سوائے آلِ لوطؑ کے۔ نجات دی ہم نے انہیں رات کے پچھلے پہر ﴿۳۴﴾ اپنے فضل خاص سے۔

كَذٰلِكَ نَجْزِيْ مَنْ شَكَرَ ﴿۳۵﴾ وَلَقَدْ اَنْذَرَهُمْ بَطْشَتَنَا

کَ ذَا لِ کَ نَج زِی مَن شَ کَر وَ لَ قَد اَن ذَ رَ ہُم بَط شَ تَ نَا

اسی طرح جزا دیتے ہیں ہم ہر اس شخص کو جو شکر گزاری کا رویہ اختیار کرتا ہے ﴿۳۵﴾ اور یقیناً ڈرایا تھا انہیں لوطؑ نے ہماری پکڑ سے

فَتَمَارَوْا بِالنُّذُرِ ﴿۳۶﴾ وَلَقَدْ رَاوَدُوْهُ عَنْ ضَيْفِهٖ

فَ تَ مَا رَ ؤْ بِن نُ ذُر وَ لَ قَد رَا وَ دُو ہُ عَن ضَا ئی فِ ہی

لیکن انہوں نے شک کیا ہماری تنبیہات میں ﴿۳۶﴾ اور بلاشبہ انہوں نے روکنے کی کوشش کی لوطؑ کو اپنے مہمانوں کی حفاظت سے

فَطَمَسْنَآ اَعْيُنَهُمْ فَذُوْقُوْا عَذَابِيْ وَنُذُرِ ﴿٣٧﴾ وَلَقَدْ صَبَّحَهُمْ

فَ طَ مَسْ نَا .. اَ عْ يُ نَ هُمْ — فَ ذُ وْقُوْ — عَ ذَا بِیْ — وَنُ ذُ رِ — وَلَ قَدْ — صَبْ بَ حَ هُمْ

تو ہم نے ان کو اندھا کر دیا سو چکھو مزا میرے عذاب کا اور میری تنبیہات کا ﴿٣٧﴾ اور یقیناً آلیا ان کو

بُكْرَةً عَذَابٌ مُّسْتَقِرٌّ ﴿٣٨﴾ فَذُوْقُوْا عَذَابِيْ

بُکْ رَ تَنْ — عَ ذَا بُمْ — مُسْ تَ قِرْ رٌ — فَ ذُ وْقُوْ — عَ ذَا بِیْ

صبح تڑکے ہی ایک ایسے عذاب نے جو نہ ٹلنے والا تھا ﴿٣٨﴾ سو چکھو مزا میرے عذاب کا

وَنُذُرِ ﴿٣٩﴾ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ

وَنُ ذُ رِ — وَلَ قَدْ — یَسْ سَرْ نَا — قُرْ آ نَ — لِذْ ذِ کْ رِ — فَ ہَلْ — مِمْ

اور میری تنبیہات کا ﴿٣٩﴾ اور یقیناً آسان بنا دیا ہے ہم نے قرآن کو نصیحت کے لیے تو کیا ہے کوئی

مُّدَّكِرٍ ﴿٤٠﴾ وَلَقَدْ جَآءَ اٰلَ فِرْعَوْنَ النُّذُرُ ﴿٤١﴾

مُدْ دَ کِرْ — وَلَ قَدْ — جَا.... ءَ — آلَ فِرْ عَوْ نَنْ — نُ ذُ رْ

نصیحت قبول کرنے والا؟ ﴿٤٠﴾ اور بے شک آئی تھیں آلِ فرعون کے پاس بھی بہت سی تنبیہات ﴿٤١﴾

كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا كُلِّهَا فَاَخَذْنٰهُمْ اَخْذَ عَزِيْزٍ مُّقْتَدِرٍ ﴿٤٢﴾

کَذْ ذَ بُوْ — بِ آ یَا تِ نَا کُلْ لِ ہَا — فَ اَ خَذْ نَا ہُمْ — اَ خْ ذَ — عَ زِیْ زِمْ — مُقْ تَ دِرْ

جھٹلا دیا انہوں نے ہماری ساری نشانیوں کو سو پکڑ لیا ہم نے انہیں جیسے پکڑتا ہے کوئی زبردست قوت والا ﴿٤٢﴾

اَكُفَّارُكُمْ خَيْرٌ مِّنْ اُولٰٓئِكُمْ اَمْ لَكُمْ بَرَآءَةٌ فِي الزُّبُرِ ﴿٤٣﴾

اَکُفْ فَا رُکُمْ — خَیْ رُمْ — مِنْ اُلَا.... ءِکُمْ — اَمْ لَ کُمْ بَ رَا.... ءَتُنْ — فِزْ زُ بُرْ

کیا تم میں جو کافر ہیں وہ بہتر ہیں ان سے جن کا ذکر کیا گیا ہے یا تمہارے لیے معافی لکھی ہوئی ہے آسمانی کتابوں میں؟ ﴿٤٣﴾

اَمْ يَقُوْلُوْنَ نَحْنُ جَمِيْعٌ مُّنْتَصِرٌ ﴿٤٤﴾ سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ

اَمْ یَ قُوْ لُوْنَ — نَحْ نُ — جَ مِیْ عُمْ — مُنْ تَ صِرْ — سَ یُہْ زَ مُلْ — جَمْ عُ

یا یہ کہتے ہیں کہ ہم ایک مضبوط جتھا ہیں خود اپنا بچاؤ کر لیں گے؟ ﴿٤٤﴾ عنقریب شکست دے دی جائے گی جتھے کو

وَيُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ ﴿٤٥﴾ بَلِ السَّاعَةُ مَوْعِدُهُمْ

وَیُ وَلْ لُوْ نَدْ — دُ بُرْ — بَ لِسْ — سَا عَ ةُ — مَوْ عِ دُ ہُمْ

اور بھاگ جائیں گے وہ پھیر کر پیٹھ ﴿٤٥﴾ بلکہ قیامت کی گھڑی ہی ان سے نمٹنے کا اصل وقت مقرر ہے

وقف لازم

وَالسَّاعَةُ اَدْهٰى وَاَمَرُّ ﴿۴۶﴾ اِنَّ الْمُجْرِمِيْنَ فِيْ ضَلٰلٍ وَّسُعُرٍ ﴿۴۷﴾

وَس سَاعَ ةُ آدہا وَآمَرر اِن نَل مُجْ رِمِي نَ فِي ضَ لَا لِي اُوں وَسُ عُر

اور وہ گھڑی ہوگی بڑی آفت اور تلخ تر ﴿۴۶﴾ یقیناً یہ مجرم لوگ بہک گئے ہیں اور ان کی مت ماری گئی ہے ﴿۴۷﴾

يَوْمَ يُسْحَبُوْنَ فِي النَّارِ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ ۭ ذُوْقُوْا

يَا وْ مَ يُس حَ بُو نَ فِن نَا رِ عَ لَا وُ جُوهِ ہِم ذُ و قُو

جس دن یہ گھسیٹے جائیں گے آگ میں اپنے منہ کے بل۔ (اور ان سے کہا جائے گا) چکھو مزا

مَسَّ سَقَرَ ﴿۴۸﴾ اِنَّا كُلَّ شَيْءٍ خَلَقْنٰهُ بِقَدَرٍ ﴿۴۹﴾ وَمَآ

مَس سَ سَ قَر اِن نَا كُل لَ شَائِي ءِ ن خَ لَق نَا هُ بِ قَ دَر وَمَا..

جہنم کی لپیٹ کا ﴿۴۸﴾ بے شک ہم نے ہر چیز پیدا کی ہے ایک تقدیر کے مطابق ﴿۴۹﴾ اور نہیں

اَمْرُنَآ اِلَّا وَاحِدَةٌ كَلَمْحٍۭ بِالْبَصَرِ ﴿۵۰﴾ وَلَقَدْ اَهْلَكْنَآ

آمْ رُنَا.. اِل لَا وَاحِ دَتُن كَ لَمْ حِم بِل بَ صَر وَلَ قَد آہ لَک نَا..

ہوتا ہے ہمارا حکم مگر یکدم جیسے پلک جھپکتی ہے ﴿۵۰﴾ اور بلاشبہ ہم ہلاک کر چکے ہیں

اَشْيَاعَكُمْ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿۵۱﴾ وَكُلُّ شَيْءٍ

آش يَا عَ كُم فَ ہَل مِم مُد دَ كِر وَكُل لُ شَائِي ءِ ن

تم جیسے بہت سے گروہوں کو، سو کیا ہے کوئی نصیحت قبول کرنے والا؟ ﴿۵۱﴾ اور ہر عمل جو

فَعَلُوْهُ فِي الزُّبُرِ ﴿۵۲﴾ وَكُلُّ صَغِيْرٍ وَّكَبِيْرٍ

فَ عَ لُو هُ فِز زُ بُر وَكُل لُ صَ غِي رِي اُوں وَكَ بِي رِ

انہوں نے کیا تھا درج ہے اعمال ناموں میں ﴿۵۲﴾ اور ہر چھوٹی بات اور بڑی چیز

مُّسْتَطَرٌ ﴿۵۳﴾ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّنَهَرٍ ﴿۵۴﴾

م مُس تَ طَر اِن نَل مُت تَ قِي نَ فِي جَن نَا تِي اُوں وَنَ ہَر

لکھی ہوئی ہے ﴿۵۳﴾ یقیناً متقی لوگ ہوں گے باغوں میں اور نہروں میں ﴿۵۴﴾

فِيْ مَقْعَدِ صِدْقٍ عِنْدَ مَلِيْكٍ مُّقْتَدِرٍ ﴿۵۵﴾ ع

فِي مَق عَ دِ صِد قِن عِن دَ مَ لِي كِم مُق تَ دِر

سچی عزت کی جگہ قریب بادشاہ کے جو بڑا صاحبِ اقتدار ہے ﴿۵۵﴾

اٰیَاتُھَا ۷۸ (۵۵) سُوْرَۃُ الرَّحْمٰنِ مَدَنِیَّۃٌ (۹۷) رُکُوْعَاتُھَا ۳

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

بِس مِل لَا ہِر رَح مَا نِر رَ حِیْ م

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے

اَلرَّحْمٰنُ ﴿۱﴾ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ ﴿۲﴾ خَلَقَ الْاِنْسَانَ ﴿۳﴾ عَلَّمَهُ

اَر رَح مَان عَل لَ مَل قُر آن خَ لَ قَل اِن سَان عَل لَ مَ ہُل

اللہ نے جو رحمٰن ہے ﴿۱﴾ سکھایا اسی نے قرآن ﴿۲﴾ پیدا فرمایا اسی نے انسان کو ﴿۳﴾ اور سکھایا اسے

الْبَیَانَ ﴿۴﴾ اَلشَّمْسُ وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ ﴿۵﴾ وَّالنَّجْمُ وَالشَّجَرُ

بَ یَان اَش شَم سُ وَل قَ مَ رُ بِ حُس بَان وَن نَج مُ وَش شَ جَ رُ

بولنا ﴿۴﴾ سورج اور چاند پابند ہیں ایک حساب کے ﴿۵﴾ اور جھاڑیاں اور درخت

یَسْجُدٰنِ ﴿۶﴾ وَالسَّمَآءَ رَفَعَهَا وَوَضَعَ الْمِیْزَانَ ﴿۷﴾ اَلَّا تَطْغَوْا

یَس جُ دَان وَس سَ مَا ... ءَ رَ فَ عَ ہَا وَ وَ ضَ عَل مِی زَان اَل لَا تَط غَ وْ

اسی کو سجدہ کر رہے ہیں ﴿۶﴾ اور آسمان کو بلند کیا اللہ نے اور قائم کر دیا نظام توازن ﴿۷﴾ تاکہ نہ خلل ڈالو تم بھی

فِی الْمِیْزَانِ ﴿۸﴾ وَاَقِیْمُوا الْوَزْنَ بِالْقِسْطِ وَلَا تُخْسِرُوا الْمِیْزَانَ ﴿۹﴾ وَالْاَرْضَ

فِل مِی زَان وَ اَ قِی مُل وَز نَ بِل قِس طِ وَ لَا تُخ سِ رُ ل مِی زَان وَل اَر ضَ

عدل و توازن میں ﴿۸﴾ اور ٹھیک ٹھیک تولو انصاف کے ساتھ اور نہ گھاٹا دو تولتے وقت ﴿۹﴾ اور زمین کو

وَضَعَهَا لِلْاَنَامِ ﴿۱۰﴾ فِیْهَا فَاكِهَةٌ وَّالنَّخْلُ

وَ ضَ عَ ہَا لِل اَ نَا م فِی ہَا فَا کِ ہَ تُوں وَن نَخ لُ

بنایا ہے اس نے مخلوقات کے لیے ﴿۱۰﴾ اس میں لذیذ پھل ہیں اور کھجور کے درخت ہیں

ذَاتُ الْاَكْمَامِ ﴿۱۱﴾ وَالْحَبُّ ذُو الْعَصْفِ وَالرَّیْحَانُ ﴿۱۲﴾

ذَا تُل اَک مَا م وَل حَب بُ ذُل عَص فِ وَر رَی حَان

جن کے پھل غلافوں میں لپٹے ہوئے ہیں ﴿۱۱﴾ اور طرح طرح کے غلے جن میں بھوسا بھی ہوتا ہے اور دانہ بھی ﴿۱۲﴾

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ⑬ خَلَقَ الْاِنْسَانَ

فَ بِ اَیِّ ی آ لَا . . . ءِ رَب بِ کُ مَا ثُ گَذِ ذِبَان خَ لَ قَل اِن سَان

پس اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے تم (اے جن وانس)؟ ⑬ پیدا فرمایا اس نے انسان کو

مِنْ صَلْصَالٍ كَالْفَخَّارِ ⑭ وَخَلَقَ الْجَآنَّ مِنْ مَّارِجٍ مِّنْ نَّارٍ ⑮

مِن صَل صَالِن کَل فَخ خَار وَ خَ لَ قَل جا . . . ن نَ مِم مَارِ جِم مِن نَار

ٹھیکری جیسے سوکھے سڑے گارے سے ⑭ اور پیدا کیا اس نے جنوں کو آگ کے شعلے سے ⑮

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ⑯ رَبُّ الْمَشْرِقَيْنِ وَرَبُّ

فَ بِ اَیِّ ی آ لَا . . . ءِ رَب بِ کُ مَا ثُ گَذِ ذِبَان رَب بُل مَش رِ قَا ئِ نِ وَ رَب بُل

پس اپنے رب کے کن کن عجائب قدرت کو جھٹلاؤ گے تم (اے جن وانس)؟ ⑯ جو رب ہے دونوں مشرقوں کا اور رب ہے

الْمَغْرِبَيْنِ ⑰ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ⑱ مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ

مَغ رِ بَا ئِ ن فَ بِ اَیِّ ی آ لَا . . . ءِ رَب بِ کُ مَا ثُ گَذِ ذِبَان مَ رَ جَل بَح رَا ئِ نِ

دونوں مغربوں کا ⑰ سو اپنے رب کی کن کن قدرتوں کو جھٹلاؤ گے تم (اے جن وانس)؟ ⑱ رواں کیے اس نے دو دریا

يَلْتَقِيٰنِ ⑲ بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَّا يَبْغِيٰنِ ⑳ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

یَل تَ قِ یَان بَا ئِ نَ هُ مَا بَ رِ زَخُل لَا یَب غِ یَان فَ بِ اَیِّ ی آ لَا . . . ءِ رَب بِ کُ مَا

آپس میں ٹکراتے ہوئے ⑲ حائل ہے ان کے درمیان ایک پردہ کہ وہ تجاوز نہیں کرتے اپنی حد سے ⑳ پس اپنے رب کے کن کن کرشموں کو

تُكَذِّبٰنِ ㉑ يَخْرُجُ مِنْهُمَا اللُّؤْلُؤُ وَالْمَرْجَانُ ㉒ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

ثُ گَذِ ذِبَان یَخ رُ جُ مِن هُ مَل لُ × لُ ءُ وَل مَر جَان فَ بِ اَیِّ ی آ لَا . . . ءِ رَب بِ کُ مَا

جھٹلاؤ گے تم (اے جن وانس)؟ ㉑ نکلتے ہیں ان دونوں میں سے موتی اور مونگے ㉒ پس اپنے رب کی قدرت کے کن کن کمالات کو

تُكَذِّبٰنِ ㉓ وَلَهُ الْجَوَارِ الْمُنْشَئٰتُ فِي الْبَحْرِ كَالْاَعْلَامِ ㉔

ثُ گَذِ ذِبَان وَ لَ هُل جَ وَارِ لُ مُن شَ آ تُ فِل بَح رِ کَل اَ عَ لَام

جھٹلاؤ گے تم (اے جن وانس)؟ ㉓ اور اسی کے ہیں یہ جہاز جو اونچے اٹھے ہوئے ہیں سمندر میں پہاڑوں کی مانند ㉔

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ㉕ كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ ㉖

فَ بِ اَیِّ ی آ لَا . . . ءِ رَب بِ کُ مَا ثُ گَذِ ذِبَان کُل لُ مَن عَ لَا ئِ هَا فَان

پس اپنے رب کے کن کن احسانات کو جھٹلاؤ گے تم (اے جن وانس)؟ ㉕ ہر چیز جو زمین پر ہے فنا ہو جانے والی ہے ㉖

النصف ع ۱۵

وَّ يَبْقٰى وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلٰلِ وَ الْاِكْرَامِ ﴿۲۷﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

وَیَب قَا | وَج ہُ | رَب بِ ک | ذُل جَ لَا لِ وَل اِک رَام | فَ بِ اَیْ یِ آ لَا ...ءِ رَب بِ کُ مَا

اور باقی رہے گی ذات تیرے رب کی جو عظمت و انعام والا ہے ﴿۲۷﴾ پس اپنے رب کے کن کن کمالات کو

تُكَذِّبٰنِ ﴿۲۸﴾ يَسْـَٔلُهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ

تُ کَذ ذِ بَان | یَس ءَ لُ ہُو | مَن | فِس سَ مَا وَا تِ | وَل اَرض

جھٹلاؤ گے تم (اے جن وانس)؟ ﴿۲۸﴾ مانگ رہے ہیں اسی سے (اپنی حاجتیں) وہ جو ہیں آسمانوں میں اور زمین میں۔

كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِيْ شَاْنٍ ﴿۲۹﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۳۰﴾

کُل لَ یَا وْ مِن | ہُ وَ | فِی شَ×ن | فَ بِ اَیْ یِ آ لَا ...ءِ رَب بِ کُ مَا | تُ کَذ ذِ بَان

ہر آن ہے وہ نئی شان میں ﴿۲۹﴾ پس اپنے رب کی کن کن صفاتِ حمیدہ کو جھٹلاؤ گے تم (اے جن وانس)؟ ﴿۳۰﴾

سَنَفْرُغُ لَكُمْ اَيُّهَ الثَّقَلٰنِ ﴿۳۱﴾

سَ نَف رُ غُ | لَ کُم | اَیْ یُ ہَث ثَ قَ لَان

عنقریب فارغ ہوئے جاتے ہیں ہم تمہارے (احتساب) کے لیے اے زمین کے دو بوجھو (گروہِ جن وانس) ﴿۳۱﴾

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۳۲﴾ يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَ الْاِنْسِ اِنِ

فَ بِ اَیْ یِ آ لَا ...ءِ رَب بِ کُ مَا | تُ کَذ ذِ بَان | یَا مَع شَ رَل جِن نِ وَل اِن س | اِنِ

پس اپنے رب کے کن کن احسانات کو جھٹلاؤ گے تم (اے جن وانس)؟ ﴿۳۲﴾ اے گروہ جن وانس اگر

اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ فَانْفُذُوْا لَا تَنْفُذُوْنَ

تَ طَع تُم | اَن تَن فُ ذُو | مِن اَق طَا رِس سَ مَا وَا تِ وَل اَرض | فَن فُ ذُو | لَا تَن فُ ذُو نَ

تم کر سکتے ہو یہ کہ نکل بھاگو آسمانوں اور زمین کی سرحدوں سے تو بھاگ دیکھو۔ نہیں بھاگ سکتے تم

اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ﴿۳۳﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۳۴﴾ يُرْسَلُ

اِل لَا بِ سُل طَان | فَ بِ اَیْ یِ آ لَا ...ءِ رَب بِ کُ مَا | تُ کَذ ذِ بَان | یُر سَ لُ

اس کے لیے بڑا زور چاہیے ﴿۳۳﴾ سو اپنے رب کی کن کن قدرتوں کو جھٹلاؤ گے تم (اے جن وانس)؟ ﴿۳۴﴾ چھوڑا جائے گا

عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ مِّنْ نَّارٍ ۙ وَّ نُحَاسٌ فَلَا تَنْتَصِرٰنِ ﴿۳۵﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

عَ لَا یْ کُ مَا | شُ وَا ظُم | مِن نَا رِیْ وْ | وَ نُ حَا سُن | فَ لَا تَن تَ صِ رَان | فَ بِ اَیْ یِ آ لَا ...ءِ رَب بِ کُ مَا

تم پہ شعلہ آگ کا اور دھواں پھر تم اس کا مقابلہ نہ کر سکو گے ﴿۳۵﴾ سو اپنے رب کی کن کن قدرتوں کا

تُكَذِّبٰنِ ﴿۳۶﴾ فَإِذَا انْشَقَّتِ السَّمَآءُ فَكَانَتْ وَرْدَةً كَالدِّهَانِ ﴿۳۷﴾

تُ گذ ذِ بان ف اِذَ ن شَق قَ تِس سَ ما...ءُ ف کا نت ور دتَن کد دِہان

انکار کرو گے تم (اے جن وانس)؟ ﴿۳۶﴾ پھر جب پھٹ جائے گا آسمان تو ہو جائے گا وہ سرخ، لال چمڑے کی طرح ﴿۳۷﴾

فَبِأَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۳۸﴾ فَيَوْمَئِذٍ لَّا يُسْـَٔلُ عَنْ ذَنْبِهٖٓ

ف بِ اَیِّ آلا...ءِ رب بِ کُ ما تُ گذ ذِ بان ف یَا ؤ مءِ ذِ ل لا یُس ءَ لُ عَن ذَم بِ ہی..

سو اپنے رب کی کن کن قدرتوں کو جھٹلاؤ گے تم (اے جن وانس)؟ ﴿۳۸﴾ پھر اس دن نہیں پوچھا جائے گا اس کے اپنے گناہوں کے بارے میں

اِنْسٌ وَّلَا جَآنٌّ ﴿۳۹﴾ فَبِأَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۴۰﴾ يُعْرَفُ

اِن سُوں وَلا جا...ن ن ف بِ اَیِّ آلا...ءِ رب بِ کُ ما تُ گذ ذِ بان یُع رَفُ

کسی جن وانس سے ﴿۳۹﴾ سو اپنے رب کے کن کن احسانات کو جھٹلاؤ گے تم (اے جن وانس؟) ﴿۴۰﴾ پہچان لیے جائیں گے

الْمُجْرِمُوْنَ بِسِيْمٰهُمْ فَيُؤْخَذُ بِالنَّوَاصِيْ وَالْأَقْدَامِ ﴿۴۱﴾

مُج رِمونَ بِ سی ما ہُم ف یُ×خَ ذُ بِن نَ وا صی وَل اَق دام

مجرم اپنے چہروں سے اور پکڑ کر گھسیٹا جائے گا انہیں پیشانی کے بالوں سے اور پاؤں سے ﴿۴۱﴾

فَبِأَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۴۲﴾ هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِيْ

ف بِ اَیِّ آلا...ءِ رب بِ کُ ما تُ گذ ذِ بان ہا ذِ ہی جَ ہَن نَ مُل لَ تی

سو اپنے رب کی کن کن قدرتوں کو جھٹلاؤ گے تم (اے جن وانس؟) ﴿۴۲﴾ (اس وقت کہا جائے گا) یہ ہے وہ جہنم،

يُكَذِّبُ بِهَا الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۴۳﴾ يَطُوْفُوْنَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ حَمِيْمٍ اٰنٍ ﴿۴۴﴾ فَبِأَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

یُ گذ ذِ بُ بِ ہَل مُج رِمون یَ طوفونَ بَا ئِی نَ ہَا وَ بَا ئِی نَ حَ مِی مِن آن ف بِ اَیِّ آلا...ءِ رب بِ کُ ما

جھٹلایا کرتے تھے جسے مجرم ﴿۴۳﴾ چکر لگاتے رہیں گے وہ آگ اور کھولتے پانی کے درمیان ﴿۴۴﴾ سو اپنے رب کی کن کن قدرتوں کو

تُكَذِّبٰنِ ﴿۴۵﴾ وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ جَنَّتٰنِ ﴿۴۶﴾

تُ گذ ذِ بان وَلِ مَن خاف مَ قامَ رب بِ ہی جَن نَ تان

جھٹلاؤ گے تم (اے جن وانس؟) ﴿۴۵﴾ اس کے برعکس اس شخص کے لیے جو ڈرتا رہا اپنے رب کے حضور پیش ہونے سے، دو دو جنتیں ہیں ﴿۴۶﴾

فَبِأَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۴۷﴾ ذَوَاتَآ اَفْنَانٍ ﴿۴۸﴾ فَبِأَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

ف بِ اَیِّ آلا...ءِ رب بِ کُ ما تُ گذ ذِ بان ذَ وا تا.. اَف نان ف بِ اَیِّ آلا...ءِ رب بِ کُ ما

سو اپنے رب کے کن کن انعامات کو جھٹلاؤ گے تم (اے جن وانس؟) ﴿۴۷﴾ بھرپور ہری بھری ڈالیوں والی ﴿۴۸﴾ سو اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو

وقف لازم

تُكَذِّبٰنِ ﴿٤٩﴾ فِيْهِمَا عَيْنٰنِ تَجْرِيٰنِ ﴿٥٠﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

تُ گذ ذِبان　رِفی ہِ مَا　عَا ئی نان　تج رِیان　ف بِ آئی ری آلا... ءِ رب بِ کُ مَا

جھٹلاؤ گے تم (اے جن وانس؟) ﴿٤٩﴾ ان دونوں جنتوں میں دو دو چشمے رواں ہیں ﴿٥٠﴾ سو اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو

تُكَذِّبٰنِ ﴿٥١﴾ فِيْهِمَا مِنْ كُلِّ فَاكِهَةٍ زَوْجٰنِ ﴿٥٢﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

تُ گذ ذِبان　رِفی ہِ مَا　مِن کُل لِ　فاک ہَ تن زاوْ جان　ف بِ آئی ری آلا... ءِ رب بِ کُ مَا

جھٹلاؤ گے تم (اے جن وانس؟) ﴿٥١﴾ ہیں دونوں جنتوں میں ہر قسم کے لذیذ پھلوں کی دو دو قسمیں ﴿٥٢﴾ سو اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو

تُكَذِّبٰنِ ﴿٥٣﴾ مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰى فُرُشٍۭ بَطَآئِنُهَا مِنْ اِسْتَبْرَقٍؕ وَجَنَا

تُ گذ ذِبان　مُت تَ کِ ءِ ی نَ　عَ لاَ فُ رُشم　بَ طا... ءِ نُ ہَا　مِن اِس تَب رَق　وَ جَ نَا

جھٹلاؤ گے تم (اے جن وانس؟) ﴿٥٣﴾ بیٹھے ہوں گے تکیے لگا کر ایسے فرشوں پر جن کے استر دبیز ریشم کے ہوں گے اور پھل

الْجَنَّتَيْنِ دَانٍ ﴿٥٤﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٥٥﴾ فِيْهِنَّ

جَن نَ تائی نِ　دَا ن　ف بِ آئی ری آلا... ءِ رب بِ کُ مَا　تُ گذ ذِبان　رِفی ہِن نَ

دونوں جنتوں کے جھکے پڑ رہے ہوں گے ﴿٥٤﴾ سو اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے تم (اے جن وانس؟) ﴿٥٥﴾ ہوں گی ان نعمتوں کے درمیان

قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ ۙ لَمْ يَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَآنٌّ ﴿٥٦﴾

قَاصِ رَا تُط طرفِ　لَم یَط مِث ہُن نَ　اِن سُن　قَب لَ ہُم　وَ لَا　جَا... ن ن

شرمیلی نگاہوں والیاں کہ نہ چھوا ہوگا انہیں کسی انسان نے ان سے پہلے اور نہ کسی جن نے ﴿٥٦﴾

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٥٧﴾ كَاَنَّهُنَّ الْيَاقُوْتُ وَالْمَرْجَانُ ﴿٥٨﴾

ف بِ آئی ری آلا... ءِ رب بِ کُ مَا　تُ گذ ذِبان　ک اَن نَ ہُن نَل　یا قُو تُ　وَل مَر جَان

سو اپنے رب کے کن کن انعامات کو جھٹلاؤ گے تم (اے جن وانس؟) ﴿٥٧﴾ خوبصورت ایسی گویا کہ وہ یاقوت اور مرجان ہیں ﴿٥٨﴾

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٥٩﴾ هَلْ جَزَآءُ الْاِحْسَانِ اِلَّا الْاِحْسَانُ ﴿٦٠﴾

ف بِ آئی ری آلا... ءِ رب بِ کُ مَا　تُ گذ ذِبان　ہَل　جَ زَا... ءُل اِح سَانِ　اِل لَل　اِح سَان

سو اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے تم (اے جن وانس؟) ﴿٥٩﴾ نہیں ہے اعلیٰ درجہ کی نیکی کا بدلہ مگر اعلیٰ درجے کی جزا ﴿٦٠﴾

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٦١﴾ وَمِنْ دُوْنِهِمَا جَنَّتٰنِ ﴿٦٢﴾

ف بِ آئی ری آلا... ءِ رب بِ کُ مَا　تُ گذ ذِبان　وَ مِن دُو نِ ہِ مَا　جَن نَ تان

سو اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے تم (اے جن وانس؟) ﴿٦١﴾ اور ان دو جنتوں کے علاوہ دو جنتیں اور ہیں ﴿٦٢﴾

فَبِاَيِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۶۳﴾ مُدْهَآمَّتٰنِ ﴿۶۴﴾ فَبِاَيِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا

ف بِ آ ئِی ی آلا . . . ءِ رَب بِ ک ُ مَا تُ کَذ ذِ بَان مُدہا . . . م م تان ف بِ آ ئِی ی آلا . . . ءِ رَب بِ ک ُ مَا

سو اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے تم (اے جن وانس؟) ﴿۶۳﴾ گھنی سرسبز وشاداب جنتیں ﴿۶۴﴾ سو اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو

تُكَذِّبٰنِ ﴿۶۵﴾ فِيْهِمَا عَيْنٰنِ نَضَّاخَتٰنِ ﴿۶۶﴾ فَبِاَيِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا

تُ کَذ ذِ بَان فِی ہِ مَا عَیْ نَا نِ نَض ضَا خَ تَان ف بِ آ ئِی ی آلا . . . ءِ رَب بِ ک ُ مَا

جھٹلاؤ گے تم (اے جن وانس؟) ﴿۶۵﴾ ان دونوں میں بھی چشمے ہوں گے ابلتے ہوئے ﴿۶۶﴾ سو اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو

تُكَذِّبٰنِ ﴿۶۷﴾ فِيْهِمَا فَاكِهَةٌ وَّنَخْلٌ وَّرُمَّانٌ ﴿۶۸﴾ فَبِاَيِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا

تُ کَذ ذِ بَان فِی ہِ مَا فَا کِ ہَ تُوں وَ نَخ لُوں وَ رُم مَان ف بِ آ ئِی ی آلا . . . ءِ رَب بِ ک ُ مَا

جھٹلاؤ گے تم (اے جن وانس؟) ﴿۶۷﴾ ان جنتوں میں ہوں گے لذیذ پھل اور کھجوریں اور انار ﴿۶۸﴾ سو اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو

تُكَذِّبٰنِ ﴿۶۹﴾ فِيْهِنَّ خَيْرٰتٌ حِسَانٌ ﴿۷۰﴾ فَبِاَيِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا

تُ کَذ ذِ بَان فِی ہِن نَ خَا ئِی رَا تُن حِ سَان ف بِ آ ئِی ی آلا . . . ءِ رَب بِ ک ُ مَا

جھٹلاؤ گے تم (اے جن وانس؟) ﴿۶۹﴾ ان نعمتوں کے درمیان ہوں گی خوب سیرت اور خوبصورت عورتیں ﴿۷۰﴾ سو اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو

تُكَذِّبٰنِ ﴿۷۱﴾ حُوْرٌ مَّقْصُوْرٰتٌ فِي الْخِيَامِ ﴿۷۲﴾ فَبِاَيِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۷۳﴾

تُ کَذ ذِ بَان حُو رُ م مَق صُو رَا تُن فِل خِ یَام ف بِ آ ئِی ی آلا . . . ءِ رَب بِ ک ُ مَا تُ کَذ ذِ بَان

جھٹلاؤ گے تم (اے جن وانس؟) ﴿۷۱﴾ حوریں ٹھہرائی ہوئی خیموں میں ﴿۷۲﴾ سو اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے تم (اے جن وانس؟) ﴿۷۳﴾

لَمْ يَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَآنٌّ ﴿۷۴﴾ فَبِاَيِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۷۵﴾

لَم یَط مِث ہُن نَ اِن سُن قَب لَ ہُم وَلَا جَا . . . ن ن ف بِ آ ئِی ی آلا . . . ءِ رَب بِ ک ُ مَا تُ کَذ ذِ بَان

نہیں چھوا ہوگا انہیں کسی انسان نے ان سے پہلے اور نہ کسی جن نے ﴿۷۴﴾ سو اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے تم (اے جن وانس؟) ﴿۷۵﴾

مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰى رَفْرَفٍ خُضْرٍ وَّعَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ ﴿۷۶﴾ فَبِاَيِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا

مُت تَ کِ ءِ ی نَ عَ لَا رَف رَ فِن خُض رِ ی اُوں وَ عَب قَ رِی یِن حِ سَان ف بِ آ ئِی ی آلا . . . ءِ رَب بِ ک ُ مَا

تکیہ لگائے بیٹھے ہوں گے سبز قالینوں پر جو نادر اور خوبصورت ہوں گے ﴿۷۶﴾ سو اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو

تُكَذِّبٰنِ ﴿۷۷﴾ تَبٰرَكَ اسْمُ رَبِّكَ ذِي الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ ﴿۷۸﴾ ع ۳

تُ کَذ ذِ بَان تَ بَا رَ کَس مُ رَب بِ کَ ذِل جَ لَا لِ وَل اِک رَام

جھٹلاؤ گے تم (اے جن وانس؟) ﴿۷۷﴾ بہت برکت والا ہے نام تیرے رب کا جو عظمت اور انعام والا ہے ﴿۷۸﴾

آيَاتُهَا ٩٦ (٥٦) سُوْرَةُ الْوَاقِعَةِ مَكِّيَّةٌ (٤٦) رُكُوْعَاتُهَا ٣

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

بِس مِل لَا ہِر رَح مَا نِر رَح ی م

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے

اِذَا وَقَعَتِ الْوَاقِعَةُ ۝١ لَيْسَ لِوَقْعَتِهَا كَاذِبَةٌ ۝٢

اِذَا وَقَ عَ تِل وَاقِ عَہ لَائِ سَ لِ وَق عَ تِ ہَا کَاذِ بَہ

جب پیش آجائے گا وہ ہونے والا واقعہ ۝١ تو نہ ہوگا اس کے وقوع کو کوئی جھٹلانے والا ۝٢

خَافِضَةٌ رَّافِعَةٌ ۝٣ اِذَا رُجَّتِ الْاَرْضُ رَجًّا ۝٤ وَّبُسَّتِ

خَافِ ضَ تُر رَافِ عَہ اِذَا رُج جَ تِل اَرضُ رَج جَا وَبُس سَ تِل

(ہوگا یہ) تہہ و بالا کر دینے والا ۝٣ جب ہلا ڈالی جائے گی زمین یکبارگی ۝٤ اور ریزہ ریزہ کر دیئے جائیں گے

الْجِبَالُ بَسًّا ۝٥ فَكَانَتْ هَبَآءً مُّنْۢبَثًّا ۝٦ وَّكُنْتُمْ اَزْوَاجًا ثَلٰثَةً ۝٧

جِ بَالُ بَس سَا فَ کَا نَت ہَ بَا ءً مُم بَث ثَا وَکُن تُم اَز وَا جَن ثَ لَا ثَہ

پہاڑ پوری طرح ۝٥ تو ہو جائیں گے وہ مانند غبار بکھرے ہوئے ۝٦ اور ہو گے تم گروہ تین قسم کے ۝٧

فَاَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ ۙ مَآ اَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ ۝٨ وَاَصْحٰبُ الْمَشْـَٔمَةِ ۙ

فَ اَص حَا بُل مَی مَ نَ ۃِ مَا.. اَص حَا بُل مَی مَ نَہ وَاَص حَا بُل مَش ءَ مَ ۃِ

سو دائیں بازو والے، کیا کہنا دائیں بازو والوں (کی خوش نصیبی) کا! ۝٨ اور بائیں بازو والے

مَآ اَصْحٰبُ الْمَشْـَٔمَةِ ۝٩ وَالسّٰبِقُوْنَ السّٰبِقُوْنَ ۝١٠

مَا.. اَص حَا بُل مَش ءَ مَہ وَس سَا بِ قُو نَس سَا بِ قُون

کیا ٹھکانا بائیں بازو والوں (کی بدنصیبی) کا! ۝٩ اور سبقت لے جانے والے تو ہیں ہی سبقت لے جانے والے ۝١٠

اُولٰٓئِكَ الْمُقَرَّبُوْنَ ۝١١ فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ۝١٢ ثُلَّةٌ مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ۝١٣

اُلَا... ءِ کَل مُ قَر رَ بُون فِی جَن نَا تِن نَ عِی م ثُل لَ تُم مِ نَل اَو وَ لِی ن

یہ تو ہیں ہی مقرب لوگ ۝١١ جو رہیں گے نعمت بھری جنتوں میں ۝١٢ بہت ہوں گے پہلوں میں سے ۝١٣

وقف لازم

وَقَلِيْلٌ مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ ﴿۱۴﴾ عَلٰى سُرُرٍ مَّوْضُوْنَةٍ ﴿۱۵﴾ مُّتَّكِئِيْنَ عَلَيْهَا

وَقَ لِی لُم | مِ نَل آخِ رِی ن | عَ لاَ سُ رُ رِم مَا وْ ضُو نَہ | مُت تَ کِ ءِ ی نَ عَ لَا ئی ہَا

اور کم ہوں گے پچھلوں میں سے ﴿۱۴﴾ (یہ سب) آراستہ پیراستہ مسندوں پر ﴿۱۵﴾ تکیے لگائے بیٹھے ہوں گے

مُتَقٰبِلِيْنَ ﴿۱۶﴾ يَطُوْفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُوْنَ ﴿۱۷﴾ بِاَكْوَابٍ

مُ تَ قَا بِ لِی ن | یَ طُوف | عَ لَا ئی ہِم | وِل دَا نُم | مُ خَل لَ دُو ن | بِ اَک وَا بِ اُو

آمنے سامنے ﴿۱۶﴾ لیے پھریں گے ان کے اردگرد ایسے لڑکے جو ہمیشہ لڑکے ہی رہیں گے ﴿۱۷﴾ ساغر،

وَّاَبَارِيْقَ ۙ وَكَاْسٍ مِّنْ مَّعِيْنٍ ﴿۱۸﴾ لَّا يُصَدَّعُوْنَ عَنْهَا وَلَا يُنْزِفُوْنَ ﴿۱۹﴾

وَ آبَارِی قَ | وَ کَ × سِم | مِم مَ عِی ن | لَا یُ صَد دَ عُو ن | عَن ہَا | وَ لَا یُن زِ فُون

صراحی اور جام نتھری ہوئی شراب کے ﴿۱۸﴾ ایسی کہ نہ سر چکرائے اسے پی کر اور نہ عقل میں فتور آئے ﴿۱۹﴾

وَفَاكِهَةٍ مِّمَّا يَتَخَيَّرُوْنَ ﴿۲۰﴾ وَلَحْمِ طَيْرٍ

وَ فَا کِ ہَ تِم | مِم مَا یَ تَ خَا ئی یَ رُو ن | وَ لَح مِ | طَا ئِی رِ

اور (پیش کریں گے) لذیذ پھل تاکہ اس میں سے جسے چاہیں پسند کریں ﴿۲۰﴾ اور (پیش کریں گے) گوشت پرندوں کا

مِّمَّا يَشْتَهُوْنَ ﴿۲۱﴾ وَحُوْرٌ عِيْنٌ ﴿۲۲﴾ كَاَمْثَالِ اللُّؤْلُؤِ

مِ م مَا یَش تَ ہُو ن | وَ حُو رُ ن | عِی ن | کَ اَم ثَا لِل | لُ × لُ ءِ

تاکہ لے لیں اپنی رغبت کے مطابق ﴿۲۱﴾ اور حوریں ہوں گی خوبصورت آنکھوں والی ﴿۲۲﴾ ایسی حسین جیسے موتی

الْمَكْنُوْنِ ﴿۲۳﴾ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۲۴﴾

ل مَک نُو ن | جَ زَا ... ءَم | بِ مَا کَا نُو یَع مَ لُو ن

جنہیں چھپا کر رکھا گیا ہو ﴿۲۳﴾ (یہ سب کچھ ملے گا انہیں) جزا کے طور پر ان اعمال کی جو وہ کرتے رہے ﴿۲۴﴾

لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا وَّلَا تَاْثِيْمًا ﴿۲۵﴾ اِلَّا قِيْلًا سَلٰمًا

لَا یَس مَ عُو نَ | فِی ہَا | لَغ وَ ا وُں | وَ لَا | تَ × ثِی مَا | اِل لَا | قِی لَن | سَ لَا مَن

نہیں سنیں گے وہ وہاں کوئی بے ہودہ کلام اور نہ گناہ کی بات ﴿۲۵﴾ سوائے ایک بول کے سلام ہو تم پر،

سَلٰمًا ﴿۲۶﴾ وَاَصْحٰبُ الْيَمِيْنِ ۙ مَآ اَصْحٰبُ الْيَمِيْنِ ﴿۲۷﴾

سَ لَا مَا | وَ اَص حَا بُل یَ مِی ن | مَا .. | اَص حَا بُل یَ مِی ن

سلام ہو تم پر ﴿۲۶﴾ اور دائیں بازو والے، کیا کہنا دائیں بازو والوں (کی خوش نصیبی) کا! ﴿۲۷﴾

فِيْ سِدْرٍ مَّخْضُوْدٍ ﴿٢٨﴾ وَّطَلْحٍ مَّنْضُوْدٍ ﴿٢٩﴾ وَّظِلٍّ

فِی سِدرِ م خ ضُود وَطَل حِم مَن ضُود وَظِل لِم

(وہ ہوں گے ایسے باغات میں، جن میں بیریاں ہوں گی بے خار ﴿٢٨﴾ اور کیلے تہ بہ تہ ﴿٢٩﴾ اور چھاؤں

مَّمْدُوْدٍ ﴿٣٠﴾ وَّمَآءٍ مَّسْكُوْبٍ ﴿٣١﴾ وَّفَاكِهَةٍ كَثِيْرَةٍ ﴿٣٢﴾ لَّا مَقْطُوْعَةٍ

مَم دُود وَمَا...ءِ م مَس کُوب وَفَاک ہَ تِن کَ ثی رَہ لَا مَق طُو عَ تِی اُوں

دور تک پھیلی ہوئی ﴿٣٠﴾ اور پانی ہر دم رواں ﴿٣١﴾ اور طرح طرح کے لذیذ پھل بکثرت ﴿٣٢﴾ کبھی ختم نہ ہونے والے

وَّلَا مَمْنُوْعَةٍ ﴿٣٣﴾ وَّفُرُشٍ مَّرْفُوْعَةٍ ﴿٣٤﴾ اِنَّآ اَنْشَاْنٰهُنَّ اِنْشَآءً ﴿٣٥﴾

وَلَا مَم نُو عَہ وَف رُشِم مَر فُو عَہ اِن نَا.. اَن شَ×نَا ہُن نَ اِن شَا... آ

اور بے روک ٹوک ﴿٣٣﴾ اور نشست گاہیں اونچی اونچی ﴿٣٤﴾ ہم پیدا کریں گے ان بیویوں کو نئے سرے سے ﴿٣٥﴾

فَجَعَلْنٰهُنَّ اَبْكَارًا ﴿٣٦﴾ عُرُبًا اَتْرَابًا ﴿٣٧﴾

فَ جَ عَل نَا ہُن نَ اَب کَا رَا عُ رُ بَن اَت رَا بَا

اور بنا دیں گے انہیں کنواریاں ﴿٣٦﴾ شوہروں کی عاشق زار اور عمر میں ہم سن ﴿٣٧﴾

لِّاَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ﴿٣٨﴾ ثُلَّةٌ مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ﴿٣٩﴾ وَثُلَّةٌ

لِ اَص حَا بِل یَ مِی ن ثُل لَ تُم مِ نَل اَو وَ لِی ن وَثُل لَ تُم

(یہ سب کچھ) ہوگا دائیں بازو والوں کے لیے ﴿٣٨﴾ وہ بہت ہوں گے اگلوں میں سے ﴿٣٩﴾ اور بہت ہوں گے

مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ ﴿٤٠﴾ وَاَصْحٰبُ الشِّمَالِ ۥ مَآ اَصْحٰبُ الشِّمَالِ ﴿٤١﴾ فِيْ سَمُوْمٍ

مِ نَل آ خِ رِی ن وَاَص حَا بُش شِ مَا ل مَا.. اَص حَا بُش شِ مَال فِی سَ مُو مِی اُوں

پچھلوں میں سے ﴿٤٠﴾ اور بائیں بازو والے، بائیں بازو والوں (کی بدنصیبی) کا کیا ٹھکانا! ﴿٤١﴾ وہ ہوں گے لو کی لپیٹ میں

وَّحَمِيْمٍ ﴿٤٢﴾ وَّظِلٍّ مِّنْ يَّحْمُوْمٍ ﴿٤٣﴾ لَّا بَارِدٍ وَّلَا كَرِيْمٍ ﴿٤٤﴾

وَ حَ مِی م وَظِل لِم مِیں یَح مُوم لَا بَا رِ دِی اُوں وَلَا کَ رِی م

اور کھولتے ہوئے پانی میں ﴿٤٢﴾ اور سایے میں، سخت کالے دھویں کے ﴿٤٣﴾ جو نہ ٹھنڈا ہوگا اور نہ آرام دہ ﴿٤٤﴾

اِنَّهُمْ كَانُوْا قَبْلَ ذٰلِكَ مُتْرَفِيْنَ ﴿٤٥﴾ وَكَانُوْا يُصِرُّوْنَ عَلَى الْحِنْثِ الْعَظِيْمِ ﴿٤٦﴾

اِن نَ ہُم کَا نُو قَب لَ ذَا لِ کَ مُت رَ فِی ن وَکَا نُو یُ صِر رُو نَ عَ لَل حِن ثِل عَ ظِی م

یقیناً یہ لوگ تھے اس سے پہلے خوش حالی میں مگن ﴿٤٥﴾ اور اصرار کیا کرتے تھے بڑے بڑے گناہوں پر ﴿٤٦﴾

وَكَانُوْا يَقُوْلُوْنَ ۙ اَئِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا

وَ كَا نُو يَ قُو لُو نَ | آ ءِ ذَا | مِت نَا | وَ كُن نَا | تُ رَا بَا وَ | وَ عِ ظَا مَن | ءَ اِن نَا

اور کہا کرتے تھے کہ جب ہم مر جائیں گے اور ہو جائیں گے مٹی اور ہڈیاں تو کیا یقیناً ہم

لَمَبْعُوْثُوْنَ ﴿۴۷﴾ اَوَ اٰبَآؤُنَا الْاَوَّلُوْنَ ﴿۴۸﴾

لَ مَب عُو ثُو نَ | اَ وَ آبَا... ءُ نَا | اَ وَ وَ لُو نَ

پھر اٹھا کھڑے کیے جائیں گے؟ ﴿۴۷﴾ اور کیا ہمارے باپ دادا بھی (اٹھائے جائیں گے،) جو پہلے گزر چکے ہیں؟ ﴿۴۸﴾

قُلْ اِنَّ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ ﴿۴۹﴾ لَمَجْمُوْعُوْنَ ۙ اِلٰى مِيْقَاتِ يَوْمٍ

قُل | اِن نَل | اَ وَ وَ لِي نَ | وَل آ خِ رِي نَ | لَ مَج مُو عُو نَ | اِ لَا مِي قَا تِ يَا وْ مِن

کہیے بلاشبہ پہلے بھی اور پچھلے بھی ﴿۴۹﴾ سب ضرور جمع کیے جانے والے ہیں ایک معین دن کے

مَّعْلُوْمٍ ﴿۵۰﴾ ثُمَّ اِنَّكُمْ اَيُّهَا الضَّآلُّوْنَ الْمُكَذِّبُوْنَ ﴿۵۱﴾ لَاٰكِلُوْنَ مِنْ شَجَرٍ

مَع لُو مِن | ثُم مَ | اِن نَ كُم | اَي يُ هَض ضَا... ل لُو نَل | مُ كَذ ذِ بُو نَ | لَ آ كِ لُو نَ | مِن شَ جَ رِن

وقتِ مقرر پر ﴿۵۰﴾ پھر یقیناً تم اے گمراہو اور جھٹلانے والو! ﴿۵۱﴾ ضرور کھاؤ گے تم ایک درخت میں سے

مِّنْ زَقُّوْمٍ ﴿۵۲﴾ فَمَالِـُٔوْنَ مِنْهَا الْبُطُوْنَ ﴿۵۳﴾ فَشٰرِبُوْنَ عَلَيْهِ

م مِن زَق قُو م | فَ مَا لِ ءُو نَ | مِن هَل | بُ طُو نَ | فَ شَا رِ بُو نَ | عَ لَا ءِ هِ

جو از قسم "زقوم" ہوگا ﴿۵۲﴾ سو بھرو گے اسی سے اپنے پیٹ ﴿۵۳﴾ پھر پیو گے اوپر سے

مِنَ الْحَمِيْمِ ﴿۵۴﴾ فَشٰرِبُوْنَ شُرْبَ الْهِيْمِ ﴿۵۵﴾ هٰذَا

مِ نَل حَ مِي م | فَ شَا رِ بُو نَ | شُر بَل | هِي م | هَا ذَا

کھولتا ہوا پانی ﴿۵۴﴾ سو پیو گے جیسے پیتے ہیں پیاس کے مارے ہوئے اونٹ ﴿۵۵﴾ یہ ہوگی

نُزُلُهُمْ يَوْمَ الدِّيْنِ ﴿۵۶﴾ نَحْنُ خَلَقْنٰكُمْ فَلَوْلَا تُصَدِّقُوْنَ ﴿۵۷﴾

نُ زُ لُ هُم | يَا وْ مَد دِي ن | نَح نُ خَ لَق نَا كُم | فَ لَا وْ لَا تُ صَد دِ قُو نَ

بائیں بازو والوں کی ضیافت روزِ جزا ﴿۵۶﴾ ہم ہی نے پیدا کیا ہے تمہیں پھر کیوں نہیں یقین کرتے تم؟ ﴿۵۷﴾

اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تُمْنُوْنَ ﴿۵۸﴾ ءَاَنْتُمْ تَخْلُقُوْنَهٗٓ اَمْ نَحْنُ الْخٰلِقُوْنَ ﴿۵۹﴾

آ فَ رَ آ ءَي تُم | مَا | تُم نُو نَ | ءَ اَن تُم | تَخ لُ قُو نَ هُو... | اَم نَح نُل | خَا لِ قُو نَ

کیا کبھی غور کیا تم نے کہ یہ جو نطفہ ڈالتے ہو تم؟ ﴿۵۸﴾ کیا تم پیدا کرتے ہو بچہ یا ہم ہیں پیدا کرنے والے؟ ﴿۵۹﴾

نَحْنُ قَدَّرْنَا بَيْنَكُمُ الْمَوْتَ وَمَا نَحْنُ بِمَسْبُوْقِيْنَ ﴿۶۰﴾

نَحْ نُ قَدْ دَرْ نَا | بَا ئِ نَ كُ مُلْ | مَا وْ تَ | وَ مَا | نَحْ نُ | بِ مَسْ بُوْ قِيْ نَ

ہم مقدر کر چکے ہیں | تمہارے درمیان | موت | اور نہیں | ہیں ہم | عاجز ﴿۶۰﴾

عَلٰۤى اَنْ نُّبَدِّلَ اَمْثَالَكُمْ وَنُنْشِئَكُمْ فِيْ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۶۱﴾

عَ لَا .. اَ | نَ نُ بَدْ دِ لَ | اَمْ ثَا لَ كُمْ | وَ نُنْ شِ ءَ كُمْ | فِيْ مَا | لَا تَعْ لَ مُوْنَ

اس بات سے کہ | بدل دیں ہم | تمہارے وجود ہی کو | اور پیدا کر دیں تمہیں | ایسی شکل و صورت میں جس کو | تم جانتے ہی نہیں ﴿۶۱﴾

وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ النَّشْاَةَ الْاُوْلٰى فَلَوْلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۶۲﴾ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تَحْرُثُوْنَ ﴿۶۳﴾

وَ لَ قَدْ | عَ لِمْ تُ مُنْ | نَشْ اَ تَلْ اُوْ لَا | فَ لَوْ لَا تَ ذَكْ كَ رُوْنَ | اَفَ رَ اَ يْ تُمْ | مَا | تَحْ رُ ثُوْنَ

اور یقیناً | تم جانتے ہو | پہلی پیدائش کو | تو تم کیوں نہیں سبق لیتے؟ ﴿۶۲﴾ | کیا کبھی سوچا تم نے کہ یہ جو | تم بیج بوتے ہو ﴿۶۳﴾

ءَاَنْتُمْ تَزْرَعُوْنَهٗۤ اَمْ نَحْنُ الزّٰرِعُوْنَ ﴿۶۴﴾ لَوْ نَشَآءُ لَجَعَلْنٰهُ حُطَامًا

ءَ اَنْ تُمْ | تَزْ رَ عُوْ نَ هُوْ .. اَمْ | نَحْ نُزْ | زَا رِ عُوْنَ | لَوْ نَ شَا ... ءُ | لَ جَ عَلْ نَا هُ | حُ طَا مَنْ

کیا تم | اگاتے ہو اس سے کھیتی | یا ہم ہیں | اگانے والے؟ ﴿۶۴﴾ | اگر ہم چاہیں | تو بنا کر رکھ دیں اسے | بھس

فَظَلْتُمْ تَفَكَّهُوْنَ ﴿۶۵﴾ اِنَّا لَمُغْرَمُوْنَ ﴿۶۶﴾ بَلْ نَحْنُ مَحْرُوْمُوْنَ ﴿۶۷﴾

فَ ظَلْ تُمْ | تَ فَكْ كَ هُوْنَ | اِنْ نَا | لَ مُغْ رَ مُوْنَ | بَلْ | نَحْ نُ مَحْ رُوْ مُوْنَ

اور رہ جاؤ تم | باتیں بناتے ﴿۶۵﴾ | کہ ہم پر | تو چٹی پڑ گئی ہے ﴿۶۶﴾ | بلکہ | ہمارے نصیب ہی پھوٹے ہوئے ہیں ﴿۶۷﴾

اَفَرَءَيْتُمُ الْمَآءَ الَّذِيْ تَشْرَبُوْنَ ﴿۶۸﴾ ءَاَنْتُمْ اَنْزَلْتُمُوْهُ مِنَ الْمُزْنِ اَمْ نَحْنُ

اَفَ رَ اَ يْ تُ مُلْ | مَا ... ءَ | لْ لَ ذِيْ | تَشْ رَ بُوْنَ | ءَ اَنْ تُمْ | اَنْ زَلْ تُ مُوْ هُ | مِ نَلْ مُزْ نِ | اَمْ نَحْ نُلْ

کیا کبھی سوچا تم نے | کہ یہ پانی | جو | تم پیتے ہو؟ ﴿۶۸﴾ | کیا تم | نازل کرتے ہو اسے | بادل سے | یا ہم ہیں

الْمُنْزِلُوْنَ ﴿۶۹﴾ لَوْ نَشَآءُ جَعَلْنٰهُ اُجَاجًا فَلَوْلَا تَشْكُرُوْنَ ﴿۷۰﴾

مُنْ زِ لُوْنَ | لَوْ نَ شَا ... ءُ | جَ عَلْ نَا هُ | اُجَاجَنْ | فَ لَوْ لَا تَشْ كُ رُوْنَ

نازل کرنے والے؟ ﴿۶۹﴾ | اگر ہم چاہیں | تو بنا کر رکھ دیں اسے | سخت کھاری | پھر کیوں نہیں تم شکر گزار ہوتے؟ ﴿۷۰﴾

اَفَرَءَيْتُمُ النَّارَ الَّتِيْ تُوْرُوْنَ ﴿۷۱﴾ ءَاَنْتُمْ اَنْشَاْتُمْ شَجَرَتَهَاۤ

اَفَ رَ اَ يْ تُ مُنْ | نَا رَ | لْ لَ تِيْ | تُوْ رُوْنَ | ءَ اَنْ تُمْ | اَنْ شَ × تُمْ | شَ جَ رَ تَ هَا ..

کیا تم نے کبھی غور کیا کہ | یہ آگ | جو | تم سلگاتے ہو؟ ﴿۷۱﴾ | کیا تم نے | پیدا کیا ہے | اس کا درخت

أَمْ نَحْنُ الْمُنْشِـُٔوْنَ ﴿٧٢﴾ نَحْنُ جَعَلْنٰهَا تَذْكِرَةً وَّمَتَاعًا

آم نَح نُل | مُن شِ ءُ ون | نَح نُ جَ عَل نَا ہا | تذ کِ رَ تَا وُّ | وَّ مَ تا عَل

یا ہم ہیں ان کے پیدا کرنے والے؟ (٧٢) ہم نے بنایا ہے آگ کو یاد دہانی کا ذریعہ اور رکھے ہیں اس میں فائدے

لِّلْمُقْوِيْنَ ﴿٧٣﴾ فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ﴿٧٤﴾ فَلَآ أُقْسِمُ

لِل مُق وِی ن | فَ سَب بِح | بِس مِ رَب بِ كَل عَ ظی م | فَ لَا.. | اُق سِ مُ

تمام حاجتمندوں کے لیے (٧٣) پس اے نبیؐ تسبیح کرو اپنے ربِ عظیم کے نام کی (٧٤) پس نہیں، قسم کھاتا ہوں میں

بِمَوٰقِعِ النُّجُوْمِ ﴿٧٥﴾ وَإِنَّهٗ لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُوْنَ عَظِيْمٌ ﴿٧٦﴾ إِنَّهٗ لَقُرْاٰنٌ

بِ مَ وَا قِ عِن نُ جُوم | وَ اِن نَ ہو | لَ قَ سَ مُل | لَا وْ تَع لَ مُون | عَ ظی م | اِن نَ ہو | لَ قُر آ نُن

ستاروں کی گزرگاہوں کی (٧٥) اور بلاشبہ یہ ایک قسم ہے، اگر تم سمجھو تو، بہت بڑی قسم (٧٦) واقعہ یہ ہے کہ یہ قرآن ہے

كَرِيْمٌ ﴿٧٧﴾ فِيْ كِتٰبٍ مَّكْنُوْنٍ ﴿٧٨﴾ لَّا يَمَسُّهٗٓ إِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ ﴿٧٩﴾ تَنْزِيْلٌ

كَ رِی م | فِی كِ تا بِم مَك نُو ن | لَا يَ مَس سُ ہو.. اِل لَل | مُ طَہ ہَ رُون | تَن زِی لُم

بلند پایہ (٧٧) جو ثبت ہے ایک محفوظ کتاب میں (٧٨) نہیں چھوتے اسے مگر وہ جو پاک صاف ہیں (٧٩) نازل کردہ ہے

مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٨٠﴾ أَفَبِهٰذَا الْحَدِيْثِ أَنْتُمْ مُّدْهِنُوْنَ ﴿٨١﴾ وَتَجْعَلُوْنَ

مِر رَب بِل عا لَ مِی ن | اَ فَ بِ ہا ذَل حَ دِی ثِ | اَن تُم | مُد ہِ نُون | وَ تَج عَ لُون

ربُّ العالمین کی طرف سے (٨٠) کیا پھر اس کلام کے ساتھ تم بے پروائی برتتے ہو؟ (٨١) اور رکھا ہے تم نے

رِزْقَكُمْ أَنَّكُمْ تُكَذِّبُوْنَ ﴿٨٢﴾ فَلَوْلَآ إِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُوْمَ ﴿٨٣﴾

رِز قَ كُم | اَن نَ كُم | تُ كَذ ذِ بُون | فَ لَا وْ لَا.. | اِ ذَا | بَ لَ غَ تِل | حُل قُوم

اپنا حصہ (اللہ کی اس نعمت میں) یہ کہ تم جھٹلاتے ہو اسے (٨٢) سو کیوں نہیں جب پہنچ جاتی ہے (جان) حلق تک (٨٣)

وَأَنْتُمْ حِيْنَئِذٍ تَنْظُرُوْنَ ﴿٨٤﴾ وَنَحْنُ أَقْرَبُ إِلَيْهِ مِنْكُمْ وَلٰكِنْ

وَ اَن تُم | حی نَ ءِ ذِن | تَن ظُ رُون | وَ نَح نُ | اَق رَب | اِ لَا اَیْ ہِ | مِن كُم | وَ لَا كِل

اور تم اس وقت دیکھ رہے ہوتے ہو (٨٤) اور ہم زیادہ قریب ہوتے ہیں اس کے تمہاری نسبت لیکن

لَّا تُبْصِرُوْنَ ﴿٨٥﴾ فَلَوْلَآ إِنْ كُنْتُمْ غَيْرَ مَدِيْنِيْنَ ﴿٨٦﴾ تَرْجِعُوْنَهَآ إِنْ

لَا تُب صِ رُون | فَ لَا وْ لَا.. اِن | كُن تُم غَ ی رَ مَ دی نی ن | تَر جِ عُو نَ ہا.. | اِن

تم کو نظر نہیں آتے (٨٥) سو اگر نہیں ہو تم کسی کے محکوم (٨٦) تو کیوں نہیں لوٹا لیتے اس کی رُوح کو، اگر

كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿٨٧﴾ فَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ﴿٨٨﴾ فَرَوْحٌ

هو تم سچے؟ ﴿٨٧﴾ سو اگر ہوتا ہے مرنے والا مقربین میں سے ﴿٨٨﴾ تو (اس کے لیے) راحت ہے

وَّرَيْحَانٌ ۙ وَّجَنَّتُ نَعِيْمٍ ﴿٨٩﴾ وَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنْ اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ﴿٩٠﴾

اور عمدہ رزق ہے اور نعمت بھری جنت ہے ﴿٨٩﴾ پھر اگر ہے وہ اصحاب الیمین میں سے ﴿٩٠﴾

فَسَلٰمٌ لَّكَ مِنْ اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ﴿٩١﴾ وَاَمَّآ اِنْ كَانَ

تو اس کا استقبال ہوگا "سلام ہو تم پر تم اصحاب الیمین میں سے ہو" ﴿٩١﴾ اور اگر ہوگا وہ

مِنَ الْمُكَذِّبِيْنَ الضَّآلِّيْنَ ﴿٩٢﴾ فَنُزُلٌ مِّنْ حَمِيْمٍ ﴿٩٣﴾ وَّتَصْلِيَةُ

جھٹلانے والے گمراہ لوگوں میں سے ﴿٩٢﴾ تو اس کی تواضع کے لیے ہوگا کھولتا ہوا پانی ﴿٩٣﴾ اور جھونکا جانا

جَحِيْمٍ ﴿٩٤﴾ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ حَقُّ الْيَقِيْنِ ﴿٩٥﴾ فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ﴿٩٦﴾

جہنم میں ﴿٩٤﴾ بلاشبہ یہی ہے قطعی حق ﴿٩٥﴾ پس اے نبیؐ تسبیح کرو اپنے ربِ عظیم کے نام کی ﴿٩٦﴾

(۵۷) سُوْرَةُ الْحَدِيْدِ مَدَنِيَّةٌ (۹۴)

اٰیاتہا ۲۹ — رکوعاتہا ۴

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ

تسبیح کی ہے اللہ کی ہر اس چیز نے جو آسمانوں میں ہے اور زمین میں ہے۔ اور وہی ہے زبردست

الْحَكِيْمُ ① لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۚ وَهُوَ

ل حَ کی م | لَ ہو | مُل کُس | س ماوات | وَل آرض | یُح یی | وَیُ می ت | وَہُ وَ

اور بڑی حکمت والا ① اسی کی ہے سلطنت آسمانوں میں، اور زمین میں زندگی بخشتا ہے اور موت دیتا ہے اور وہ

عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ② هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ ۚ وَهُوَ

عَ لا کُل لِ شا ئِ ءِن | قَ دی ر | ہُ وَ | ل آ وّ ل | وَل آخِ رُ | وَظ ظا ہِ رُ | وَل با طِن | وَہُ وَ

ہر چیز پر پوری قدرت رکھتا ہے ② وہی اول بھی ہے اور آخر بھی اور ظاہر بھی ہے اور باطن بھی اور وہ

بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ③ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ

بِ کُل لِ شا ئِ ءِن | عَ لی م | ہُ وَ | ل لَ ذی | خَ لَ قَس | س ماوات | وَل آرض | فی سِت تَ ةِ آ ئی یا مِن

ہر چیز کا پورا علم رکھتا ہے ③ وہی ہے جس نے پیدا فرمایا آسمانوں کو اور زمین کو چھ دنوں میں

ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ۭ يَعْلَمُ مَا يَلِجُ فِي الْاَرْضِ وَمَا يَخْرُجُ مِنْهَا

ثُم مَس تَ وا | عَ لَل عَرش | یَع لَ مُ | ما | یَ لِ جُ | فِل آرض | وَما | یَخ رُ جُ | مِن ہا

پھر جلوہ فرما ہوا عرش پر۔ وہ جانتا ہے اسے بھی جو داخل ہوتا ہے زمین میں اور جو نکلتا ہے اس سے

وَمَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَاءِ وَمَا يَعْرُجُ فِيْهَا ۭ وَهُوَ مَعَكُمْ اَيْنَ مَا

وَما | یَن زِ لُ | مِ نَس س ما...ءِ | وَما | یَع رُ جُ | فی ہا | وَہُ وَ مَ عَ کُم | آ ئی نَ ما

اور جو نازل ہوتا ہے آسمان سے اور جو چڑھتا ہے اس میں۔ اور وہ تمہارے ساتھ ہوتا ہے جہاں بھی

كُنْتُمْ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ④ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ

کُن تُم | وَل لا ہُ | بِ ما تَع مَ لُو نَ | بَ صی ر | لَ ہو | مُل کُس | س ماوات | وَل آرض

ہو تم۔ اور اللہ ان اعمال کو جو تم کرتے ہو دیکھ رہا ہے ④ اسی کی ہے سلطنت آسمانوں میں اور زمین میں۔

وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ⑤ يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُوْلِجُ

وَ اِلَل لا ہِ | تُر جَ عُل | اُمور | یُو لِ جُل | لَا ئِ ل | فِن نَ ہا رِ | وَیُو لِ جُن

اور اللہ ہی کی طرف لوٹائے جاتے ہیں تمام معاملات (فیصلے کے لیے) ⑤ وہ داخل کرتا ہے رات کو دن میں اور داخل کرتا ہے

النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ۭ وَهُوَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ⑥ اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ

نَ ہا رَ | فِل لَا ئِ ل | وَہُ وَ | عَ لی مُم | بِ ذا تِص صُ دُور | آ مِ نو | بِل لا ہِ

دن کو رات میں۔ اور وہ پوری طرح جانتا ہے دلوں میں چھپے ہوئے رازوں کو ⑥ ایمان لاؤ اللہ پر

وَرَسُوْلِهٖ وَاَنْفِقُوْا مِمَّا جَعَلَكُمْ مُّسْتَخْلَفِيْنَ فِيْهِ ؕ فَالَّذِيْنَ

وَرَسُولِ ہِی وَآن فِ قُو مِم مَا جَ عَ لَ كُم مُس تَخ لَ فِی نَ فِی ہ فَل لَ ذِی نَ

اور اس کے رسول پر اور خرچ کرو اس (مال) میں سے جس میں بنایا ہے اس نے تم کو (اپنا) نائب ۔ پس وہ لوگ جو

اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَاَنْفَقُوْا لَهُمْ اَجْرٌ كَبِيْرٌ ۝۷ وَمَا لَكُمْ لَا تُؤْمِنُوْنَ

آ مَ نُو مِن كُم وَآن فَ قُو لَ ہُم اَج رُن كَ بِی ر وَمَا لَ كُم لَا تُ × مِ نُو نَ

ایمان لائے تم میں سے اور خرچ کیا، اُن کے لیے ہے بڑا اجر ۝۷ اور کیا ہو گیا ہے تمہیں کہ نہیں ایمان لاتے ہو تم

بِاللّٰهِ ۚ وَالرَّسُوْلُ يَدْعُوْكُمْ لِتُؤْمِنُوْا بِرَبِّكُمْ وَقَدْ اَخَذَ مِيْثَاقَكُمْ

بِل لَا ہ وَرْ رَسُول يَد عُو كُم لِ تُ × مِ نُو بِ رَب بِ كُم وَقَد اَ خَ ذَ مِی ثَا قَ كُم

اللہ پر ۔ جبکہ رسول دعوت دے رہا ہے تمہیں کہ ایمان لاؤ اپنے رب پر اور وہ لے چکا ہے تم سے پختہ عہد بھی ،

اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝۸ هُوَ الَّذِيْ يُنَزِّلُ عَلٰى عَبْدِهٖٓ اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ

اِن كُن تُم مُ × مِ نِی نَ ہُ وَل لَ ذِی يُ نَز زِ لُ عَ لَا عَب دِ ہِی .. آ يَا تِم بَ يِّ نَا تِل

اگر ہو تم ایمان والے ۝۸ وہی تو ہے جو نازل فرما رہا ہے اپنے بندے پر صاف اور واضح آیات

لِّيُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ بِكُمْ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝۹

لِ يُخ رِ جَ كُم مِ نَظ ظُ لُ مَا تِ اِ لَن نُور وَاِن نَل لَا ہَ بِ كُم لَ رَ ءُو فُر رَحِی م

تاکہ نکال لائے تمہیں تاریکیوں سے روشنی میں اور بلاشبہ اللہ تم پر نہایت ہی شفیق اور مہربان ہے ۝۹

وَمَا لَكُمْ اَلَّا تُنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلِلّٰهِ مِيْرَاثُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ

وَمَا لَ كُم اَل لَا تُن فِ قُو فِی سَ بِی لِل لَا ہِ وَلِل لَا ہِ مِی رَا ثُس سَ مَا وَا تِ وَل اَرض

اور کیا ہو گیا ہے تمہیں کہ تم نہیں خرچ کرتے اللہ کی راہ میں جبکہ اللہ ہی کے لیے ہے میراث آسمانوں اور زمین کی ۔

لَا يَسْتَوِيْ مِنْكُمْ مَّنْ اَنْفَقَ مِنْ قَبْلِ الْفَتْحِ وَقٰتَلَ ؕ اُولٰٓئِكَ اَعْظَمُ

لَا يَس تَ وِی مِن كُم مَن اَن فَ قَ مِن قَب لِل فَت حِ وَقَا تَل اُلَا ... ءِ كَ اَع ظَم

نہیں برابر ہو سکتے تم میں سے وہ لوگ جنہوں نے خرچ کیا فتح مکہ سے پہلے اور جہاد کیا ۔ یہ لوگ بڑے ہیں

دَرَجَةً مِّنَ الَّذِيْنَ اَنْفَقُوْا مِنْۢ بَعْدُ وَقٰتَلُوْا ؕ وَكُلًّا وَّعَدَ

دَ رَ جَ تَم مِ نَل لَ ذِی نَ اَن فَ قُو مِم بَع دُ وَقَا تَ لُو وَكُل لَا ؤں وَعَ دَ

درجے کے اعتبار سے ان سے جنہوں نے خرچ کیا فتح کے بعد اور جہاد کیا ۔ اگرچہ سب سے وعدہ کر رکھا ہے

اللّٰهُ الْحُسْنٰى ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ۝۱۰ مَنْ ذَا الَّذِيْ يُقْرِضُ

ل لا ہُل حُس نا وَل لا ہُ بِ ما تع مَ لُو نَ خَ بی ر مَن ذَل لَ ذِی یُق رِضُل

اللہ نے بھلائی کا۔ اور اللہ ان اعمال سے جو تم کرتے ہو پوری طرح باخبر ہے ۝۱۰ کون ہے جو قرض دے

اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا فَيُضٰعِفَهٗ لَهٗ وَلَهٗٓ اَجْرٌ كَرِيْمٌ ۝۱۱ يَوْمَ تَرَى

لا ہَ قَرضَن حَ سَ نَن فَ یُ ضاعِ فَ ہُو لَ ہُو وَل ہُو.. اَج رُن کَ ری م یَا وْ مَ تَ رَ

اللہ کو "قرضِ حسنہ" تاکہ وہ بڑھا کر واپس دے اسے اور اس کے لیے ہے بہترین اجر ۝۱۱ اس دن جب تم دیکھو گے

الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ يَسْعٰى نُوْرُهُمْ بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَبِاَيْمَانِهِمْ بُشْرٰىكُمُ

ل مُ×مِ نی نَ وَل مُ×مِ نا تِ یَس عا نُو رُ ہُم بَا ئی نَ آئی دی ہِم وَ بِ آئی مان ہِم بُش را کُ مُل

مومن مردوں اور مومن عورتوں کو کہ دوڑ رہا ہوگا ان کا نور ان کے آگے آگے اور ان کی دائیں جانب (ان سے کہا جائے گا) "بشارت ہے تمہارے لیے"

الْيَوْمَ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝۱۲

یَا وْ مَ جَن نا تُن تَج رِی مِن تَح تِ ہَل اَن ہا رُ خالِ دی نَ فی ہا ذالِ کَ ہُ وَ ل فَا وْ زُل عَ ظی م

آج ایسی جنتوں کی جن کے نیچے بہہ رہی ہوں گی نہریں، ہمیشہ رہیں گے وہ ان میں۔ یہی ہے بڑی کامیابی ۝۱۲

يَوْمَ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالْمُنٰفِقٰتُ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوا انْظُرُوْنَا نَقْتَبِسْ

یَا وْ مَ یَ قُو لُل مُ نا فِ قُو نَ وَل مُ نا فِ قا تُ لِل لَ ذِی نَ آ مَ نُن ظُ رُو نا نَق تَ بِس

اس دن کہیں گے منافق مرد اور منافق عورتیں اہلِ ایمان سے کہ ذرا ہمارا بھی خیال رکھو تاکہ ہم روشنی حاصل کریں

مِنْ نُّوْرِكُمْ ۚ قِيْلَ ارْجِعُوْا وَرَاۗءَكُمْ فَالْتَمِسُوْا نُوْرًا ۭ فَضُرِبَ بَيْنَهُمْ

مِن نُو رِ کُم قی لَر جِ عُو وَ را... ءَ کُم فَل تَ مِ سُو نُو را فَ ضُ رِ بَ بَا ئی نَ ہُم

تمہارے نور سے۔ ان سے کہا جائے گا لوٹ جاؤ پیچھے کی طرف اور تلاش کرو روشنی۔ پھر حائل کر دی جائے گی ان کے درمیان

بِسُوْرٍ لَّهٗ بَابٌ ۭ بَاطِنُهٗ فِيْهِ الرَّحْمَةُ وَظَاهِرُهٗ مِنْ قِبَلِهِ الْعَذَابُ ۝۱۳

بِ سُو رِ ل لَ ہُو باب با طِ نُ ہُو فی ہِر رَح مَ ةُ وَ ظا ہِ رُ ہُو مِن قِ بَ لِ ہِل عَ ذا ب

ایک دیوار جس میں ایک دروازہ ہوگا، اس کے اندر کی طرف ہوگی رحمت اور باہر کی طرف ہوگا عذاب ۝۱۳

يُنَادُوْنَهُمْ اَلَمْ نَكُنْ مَّعَكُمْ ۭ قَالُوْا بَلٰى وَلٰكِنَّكُمْ فَتَنْتُمْ اَنْفُسَكُمْ

یُ نا دُو نَ ہُم اَلَم نَ کُن مَ عَ کُم قا لُو بَ لا وَ لا کِن نَ کُم فَ تَن تُم اَن فُ سَ کُم

پکار پکار کر کہیں گے وہ مومنوں سے کیا نہ تھے ہم بھی تمہارے ساتھ۔ مومن کہیں گے ہاں مگر تم نے خود فتنے میں ڈالا اپنے آپ کو

وَتَرَبَّصْتُمْ وَارْتَبْتُمْ وَغَرَّتْكُمُ الْاَمَانِيُّ حَتّٰى جَآءَ اَمْرُ اللّٰهِ

وَ تَ رَب بَص تُم وَرتَب تُم وَغَرَّ رَت کُ مُل آمانی یُ حت تا جا...ءَ اَم رُل لاہِ

اور موقع پرستی اور شک میں پڑے رہے اور فریب دیتی رہیں تم کو تمنائیں یہاں تک کہ آگیا اللہ کا فیصلہ

وَغَرَّكُمْ بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ ﴿۱۴﴾ فَالْيَوْمَ لَا يُؤْخَذُ

وَ غَر رَ کُم بِل لاہِ غَ رُور فَل یَا وْ مَ لَا یُ × خَ ذُ

اور (آخر وقت تک) دھوکے میں مبتلا رکھا تم کو اللہ کے بارے میں دھوکے باز (شیطان) نے ﴿۱۴﴾ سو آج نہ قبول کیا جائے گا

مِنْكُمْ فِدْيَةٌ وَّلَا مِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مَاْوٰىكُمُ النَّارُ هِيَ مَوْلٰىكُمْ

مِن کُم فِدیَ تُوں وَ لَا مِ نَل لَ ذِی نَ کَ فَ رُو مَ × وَا کُ مُن نَا ر ہِ یَ مَا وْ لَا کُم

تم سے فدیہ اور نہ ان لوگوں سے جنہوں نے کھلا انکار کیا تھا۔ تمہارا ٹھکانا جہنم ہے، وہی خبر گیری کرنے والی ہے تمہاری۔

وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿۱۵﴾ اَلَمْ يَاْنِ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ تَخْشَعَ

وَ بِ × سَل مَصِی ر اَ لَم یَ × ن لِل لَ ذِی نَ آ مَ نُو.. اَن تَخ شَ عَ

اور یہ بدترین انجام ہے ﴿۱۵﴾ کیا نہیں آیا ابھی وقت ان لوگوں کے لیے جو ایمان لا چکے ہیں اس بات کا کہ پگھلیں

قُلُوْبُهُمْ لِذِكْرِ اللّٰهِ وَمَا نَزَلَ مِنَ الْحَقِّ وَلَا يَكُوْنُوْا

قُ لُو بُ ہُم لِ ذِک رِل لاہِ وَ مَا نَ زَ لَ مِ نَل حَق قِ وَ لَا یَ کُو نُو

ان کے دل اللہ کے ذکر سے (اور جھکیں آگے) اس کے جو نازل ہوا ہے حق (اللہ کی طرف سے) اور نہ ہو جائیں وہ

كَالَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلُ فَطَالَ عَلَيْهِمُ الْاَمَدُ فَقَسَتْ قُلُوْبُهُمْ

کَل لَ ذِی نَ اُو تُل کِ تَا بَ مِن قَب لُ فَ طَا لَ عَ لَا ئِ ہِ مُل آ مَ دُ فَ قَ سَت قُ لُو بُ ہُم

ان لوگوں کی طرح جنہیں دی گئی تھی کتاب پہلے پھر لمبی گزر گئی ان پر مدت تو سخت ہو گئے ان کے دل۔

وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿۱۶﴾ اِعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يُحْيِ الْاَرْضَ

وَ کَ ثِی رُ م مِن ہُم فَا سِ قُو نَ اِع لَ مُو.. اَن نَل لَا ہَ یُح یِل اَر ضَ

اس کا نتیجہ یہ ہے کہ اکثر ان میں فاسق ہیں ﴿۱۶﴾ خوب جان لو کہ یہ اللہ ہی ہے جو زندہ کرتا ہے زمین کو

بَعْدَ مَوْتِهَا قَدْ بَيَّنَّا لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ

بَع دَ مَا وْ تِ ہَا قَد بَا ئِ یَن نَا لَ کُ مُل آیات لَ عَل لَ کُم

اس کے مرجانے کے بعد۔ بے شک کھول کھول کر بیان کر دی ہیں ہم نے تمہارے لیے اپنی آیات، تاکہ تم

تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۷﴾ اِنَّ الْمُصَّدِّقِيْنَ وَالْمُصَّدِّقٰتِ وَاَقْرَضُوا اللّٰهَ

تع ق لون | ان نل | مص صد دی قی ن | ول مص صد دقات | واق رضل | لا ہ

عقل سے کام لو ﴿۱۷﴾ یقیناً صدقہ دینے والے مرد اور صدقہ دینے والی عورتیں اور وہ جنہوں نے قرض دیا ہے اللہ کو

قَرْضًا حَسَنًا يُّضٰعَفُ لَهُمْ وَلَهُمْ اَجْرٌ كَرِيْمٌ ﴿۱۸﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

قرضن ح س نائیں | ی ضاع ف | ل ہم | ول ہم | اج رن ک ری م | ول ل ذی ن | آ م نو

"قرضِ حسنہ" بڑھا چڑھا کر دیا جائے گا ان کو اور ان کے لیے ہے بہترین اجر ﴿۱۸﴾ اور وہ لوگ جو ایمان لائے ہیں

بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖۤ اُولٰٓئِكَ هُمُ الصِّدِّيْقُوْنَ ۖ وَالشُّهَدَآءُ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۭ لَهُمْ

بل لا ہ | ور رس ل ہی.. | اُلا... ءِ ک ہ مص | صد دی قون | وش ش ہ دا... ءُ | عن د رب ب ہم | ل ہم

اللہ پر اور اس کے رسولوں پر وہی ہیں صدیق اور شہید اپنے رب کے نزدیک۔ ان کے لیے ہے

اَجْرُهُمْ وَنُوْرُهُمْ ۭ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰٓئِكَ

